2 جولائی 2016ء

پنشنرز کو ادائیگی اور عوام کو بینکاری خدمات کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے اسٹیٹ بینک کے فوری اقدامات

عیدالفطر کے موقعے پر نقد کی غیر معمولی طلب اور ملک بھر میں ماہانہ پنشن کی ادائیگی کے دوران نیشنل بینک آف پاکستان نے آج اپنے آپریٹنگ سسٹم میں کچھ غیر متوقع فنی خرابیوں کا سامنا کیا۔ ملک کے کئی مقامات پر صارفین کو بینکاری سہولتوں کے حصول میں مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ اسٹیٹ بینک نے عوام الناس خصوصاً پنشنرز کو بینکاری سہولتوں کی فراہمی کو یقینی بنانے کے لیے ان مسائل کے حل کی خاطر متعلقہ بینک کے ساتھ فوری اقدامات کیے ہیں۔ نیشنل بینک کے آپریشنز اب بحال ہوگئے ہیں اور وہ پنشنرز کو خدمات فراہم کر رہا ہے۔

مزید یہ کہ نیشنل بینک آف پاکستان کو یہ ہدایت بھی کی گئی ہے کہ وہ ادائیگی کے لیے آنے والے پنشنرز/ صارفین کو خدمات کی فراہمی کی خاطر تادیر اپنی تمام برانچیں کھلی رکھے۔ اس کے علاوہ بینکوں بشمول نیشنل بینک کو اس امر کو یقینی بنانے کی ہدایت بھی کی گئی ہے کہ عید کی چھٹیوں میں تمام اے ٹی ایمز کام کرتے رہیں اور ان سے نقد ملتا رہے۔

اس سال اسٹیٹ بینک نے عوام کو بینکاری خدمات کی فراہمی کے لیے وسیع کوششیں کی ہیں۔ ان اقدامات کا مقصد رمضان المبارک اور عیدالفطر کی طویل تعطیلات کے دوران عوام کو زحمت سے بچاتے ہوئے مالی خدمات فراہم کرنا ہے۔

اس سلسلے میں اسٹیٹ بینک نے ہفتے کے روز (2 اور 9 جولائی کو) تمام بینک برانچیں کھلی رکھنے کی خصوصی ہدایت کی ہے۔ بینکوں کو یہ ہدایت بھی کی گئی ہے کہ ملک بھر میں اے ٹی ایمز پر بلاتعطل نقد کی دستیابی کو یقینی بنایا جائے اور اس مقصد کے لیے اسٹیٹ بینک نے وافر نقد فراہم کیا ہے تاکہ اسے اے ٹی ایمز کے ذریعے عوام تک پہنچایا جاسکے۔

یکم جولائی سے 10 جولائی 2016ء کے دوران یہ تصدیق کرنے کے لیے کہ اے ٹی ایمز درست طور پر کام کررہی ہیں اسٹیٹ بینک کے انسپکٹرز اور ایس بی پی بی ایس سی کے دفاتر کی توثیقی ٹیمیں کمرشل بینکوں کی اے ٹی ایم سائٹس کی نگرانی کریں گی۔

ععع